## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی سیفما کے سیکریٹری جنرل اور ممتاز صحافی امتیاز عالم سے فون پر گفتگو

## مسلح افراد کی جانب سے حملے پر دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا

## حملہ کرکے آزادی صحافت اور حق اور سچ کی آواز بلند کرنے کی سزا دی گئی ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔19 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ ایشیا فری میڈیا ایسوسی ایشن (سیفما) کے سیکریٹری جنرل اور ممتاز صحافی امتیاز عالم کو فون کرکے ان پر لاہور میں مسلح افراد کے حملے پر دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔ امتیاز عالم سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ سوات میں جیو کے نمائندے موسیٰ خان خیل کو بیدردی سے قتل کردیا گیا اور لاہور میں آپ پر حملہ کیا گیا۔ یہ بہت افسوسناک واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے امتیاز عالم سے کہا کہ آپ پر حملہ کرکے آزادی صحافت اور حق اور سچ کی آواز بلند کرنے کی سزا دی گئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے امتیاز عالم سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔امتیاز عالم نے اظہار ہمدردی پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے سلیم شہزاد، محمد انور اور انیس ایڈوکیٹ کی جانب سے اپنی غلطیوں پر شرمندگی کے اظہار اور آئندہ تنظیمی ڈسپلن کے مطابق عمل کرنے کی یقین دہانی پر تینوں ارکان کو انکی ذمہ داریوں پر بحال کردیا

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے انیس ایڈوکیٹ کا استعفیٰ نامنظور کردیا اور سلیم شہزاد، محمد انور اور انیس ایڈوکیٹ کو بحال کرنے کے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی

کراچی۔۔۔19 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سلیم شہزاد، محمد انور اور انیس ایڈوکیٹ کی جانب سے اپنی غلطیوں پر شرمندگی کے اظہار اور آئندہ تنظیمی ڈسپلن کے مطابق عمل کرنے کی یقین دہانی پر تینوں ارکان کو ان کی ذمہ داریوں پر بحال کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے سلیم شہزاد، محمد انور اور انیس ایڈوکیٹ سے تفصیلی بات چیت کی اور تنظیمی ڈسپلن کی خلاف ورزی پر انہیں تنبیہہ کی۔ تینوں ارکان نے اپنی غلطیوں پر شرمندگی کا اظہار کیا اور آئندہ تنظیمی نظم وضبط کے مطابق عمل کرنے کی یقین دہانی کرائی جس پر رابطہ کمیٹی نے تینوں ارکان کو ان کی ذمہ داریوں پر بحال کرنے کا فیصلہ کیا۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے انیس ایڈوکیٹ کا استعفیٰ نامنظور کردیا اور سلیم شہزاد، محمد انور اور انیس ایڈوکیٹ کو بحال کرنے کے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن نے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف KPT کی زونل باڈیز کے منتخب کردہ عہدیداران کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔19، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کی CBA یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف KPT کی زونل باڈیز کے منتخب کردہ عہدیداران کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے اراکین اسد میر خان، سرور عالم اور تحسیم الحق خرم نے کراچی پورٹ ٹرسٹ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں محنت کش کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیبر ڈویژن کے اراکین نے کہا کہ یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف KPT کی زونل باڈیز کے نومنتخب عہدیداران، ادارے اور محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی اور محنت کشوں کے اتحاد واتفاق کا درس دیا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ نے اپنے منشور اختیار سب کیلئے میں یہی پیغام دیا ہے۔انہوں نے یونین کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی وہ اپنی ذمہ داریاں احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔

## طالبانائزیشن پاکستان کی سالمیت کا مسئلہ ہے، انچارج پی پی او سی گلفراز خان

## طالبانائزیشن کے مسئلے سے توجہ ہٹانا قومی جرم سے کسی طرح کم نہیں ہے

## اورنگی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کی تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔19، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت کا یہ کرشمہ ہے کہ وہ مستقبل میں ملکی و بین الاقوامی سطح پر رونما ہونے والے واقعات اور اس کے اثرات سے ملک وقوم کو بروقت آگاہ کرتے ہیں اور ان کے خطرناک اور دورس نتائج سے باخبر رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام اورنگی ٹاؤن میں مومن آباد یوسی 1 اور بلدی ٹاؤن میں بسمہ اللہ چوک یوسی 4 میں کارکنان کی تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تربیتی نشستوں میں پختون، پنجابی، ہزارہ وال اور دیگر قومیتوں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شاہد اقبال، اراکین اشرف اورکزئی اور الیاس بابر بھی موجود تھے۔ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے پی پی او سی کے انچارج گلفراز خان نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا جارہا تھا وہ حرف باحرف درست ثابت ہورہے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جناب الطاف حسین ملکی و بین الاقوامی سطح پر نہ صرف گہری نظر رکھے ہوئے ہیں بلکہ ملک بھر کے عوام کو مستقبل میں آنے والے خطرناک سے باخبر رکھتے ہوئے حکمت عملی ترتیب دینے کیلئے آگاہی بھی فراہم کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے طالبانائزیشن کے حوالے سے جناب الطاف حسین کے خدشات کو شوشہ قرار دیا اور اپنے مفادات کیلئے ملک وقوم کی توجہ اس حساس اور اہم پہلو سے ہٹائی جو کہ قومی جرم سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کا مسئلہ پاکستان کی سالمیت کا مسئلہ ہے اور اس اہم ایشو پر ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اتحاد کا بھرپور مظاہرہ کریں اور ملک کی سالمیت اور خود مختاری کیلئے اپنے ذاتی اور انفرادی نوعیت کے مفادات کو پس پشت ڈال کر ملک وقوم کو دہشت گردی کی لپیٹ سے آزاد کرانے کیلئے عملی جدوجہد کریں۔

## سندھ اور بالخصوص کراچی میں عوام کو طالبانائزیشن کے عمل سے باخبر رکھنے کیلئے تمام وسائل استعمال کئے جائیں، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی

## مارو گوٹھ یونٹ اور اولڈ ملیر یونٹ گڈاپ سیکٹر میں کارکنان کی تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔19، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام گزشتہ روز مارو گوٹھ یونٹ اور اولڈ ملیر یونٹ گڈاپ سیکٹر میں کارکنان کی تربیتی نشستوں کا انعقاد کیا گیا جن میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین عزیز الرحمان اور گل محمد مینگل نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں نے اپنی جھوٹی انا کی تسکین اور ذاتی مفادات کی خاطر اور سندھ اور بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کے وجود سے انکار کئے رکھا اور ان کی جانب سے یہ بات کہی جاتی رہی ہے کہ جناب الطاف حسین طالبانائزیشن کا خواہ مخواہ واویلا مچارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی سی پی او کراچی کی پریس کانفرنس اور طالبان دہشت گردوں کی گرفتاری کے بعد یہ انکشافات کہ یہ دہشت گرد وزیرستان سے آئے تھے اور کسی بڑے حملے کی منصوبہ بندی کررہے تھے ثابت ہوگیا ہے کہ جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کے حوالے سے کہا گیا ایک ایک لفظ سچائی پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ صوفیوں کی سرزمین ہے اور یہاں ہمیشہ صوفی بزرگوں نے امن وآشتی کا درس دیا ہے، ایم کیوایم بھی امن و آشتی کے فکر وفلسفہ اور پیغام کو عام کررہی ہے، طالبانائزیشن کا عمل دہشت گردی قتل وغارتگری اور اسلام کا امیج خراب کررہا ہے اور ایم کیوایم طالبانائزیشن کے عمل کے سخت خلاف ہے اور اس سے نمٹنا اچھی طرح جانتی ہے۔ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے اردگرد حالات پر کڑی نگاہیں رکھیں، مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع دیں اور لوگوں کو طالبانائزیشن کے عمل سے زیادہ سے زیادہ آگاہ کرنے کیلئے تمام وسائل استعمال کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری اور وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے مقامی اسپتال جاکر اداکار محمد کمال کی عیادت کی

کراچی۔۔۔19، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے مقامی اسپتال جاکر معروف اداکار محمد کمال کی عیادت کی اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر فلم واسٹیج کے فنکار اور اداکار بھی موجود تھے۔ شعیب بخاری نے محمد کمال کی قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی، انہیں نیک تمناؤں کے ساتھ گلدستہ پیش کیا اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے بھی محمد کمال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور مقامی اسپتال جاکر ان کی عیادت کی۔ وہ کچھ دیر محمد کمال کے ساتھ رہے اس موقع پر انہوں نے محمد کمال کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 کے کارکن عارف حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔19،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن سیکٹر یوسی 4 کے کارکن عارف حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر اور معمار سیکٹر کے کارکنان کے والد اور گڈاپ ٹاؤن سیکٹر یوسی 4 کے کارکن عارف حسین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 کے کارکن عارف حسین،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن رحمت ایاز کے والد بہادر خان اورایم کیوایم اسکیم 33 معمار سیکٹر یونٹ A-33 کے کارکن عبدالعلیم صدیقی کے والد عبدالحکیم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## روزنامہ قومی اخبار کے کرائم رپورٹر عرفان عرفی کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔19فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ قومی اخبار کے کرائم رپورٹر عرفان عرفی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆